سوال

(383)جب پہلی صف میں جگہ نہ ہو تو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب نمازی مسجد میں داخل ہو اور وہ پہلی صف میں کوئی جگہ نہ پائے تو کیا اس کے لئے یہ جائز ہے کہ پہلی صف سے کسی انسان کو پیچھے کھینچ کر لے یا اس صورت میں کیا کرے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب کوئی شخص مسجد میں داخل ہو اور وہ دیکھے کہ تمام صفیں مکمل ہیں۔ کسی بھی صف میں کوئی جگہ نہیں تو اس چاہیے کہ انتظار کرے حتی کہ اسے جگہ مل جائے یا کوئی اور نمازی آ جائے یا وہ امام کی دائیں جانب صف بنالے اس کے لئے یہ جائز نہیں کہ صف میں سے کسی کو پیچھے کھینچے کیونکہ اس سلسلہ میں جو حدیث وارد ہے۔ وہ ضعیف ہے۔ صف سے آدمی کو پیچھے کھینچنے کی صورت میں صف میں خلاء پیدا ہو جائے گا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم تو یہ ہے کہ صف کے خلاء کو پر کر دیا جائے۔ وباللہ التوفیق (شیخ ابن بازؒ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

صفحہ نمبر354

محدث فتویٰ